ایک مسودہ قانون

بمرا اس آمر کےکہ خیبر پختو نخوایونیورسٹیز ایکٹ مصدرہ۲۰۱۲ میں ترمیم کی جا
ئے_
ہر گاہ کہ یہ آمر قرین مصلحت ھے کہ خیبر پختونخوا یونیورسٹی ایکٹ مصدر ۲۰۲۱
(خیبرپختونخوا ایکٹ نمبر ۱۰ مصدرہ۲۰۱۲) میں ترمیم بطریق ذیل کی جائے_
یہ بذریعہ ہذا حسب ذیل طوروضع کیا جاتا ھے_

مختصر عنوان اور آغازنفاذ (۱) جا ئز ھے کہ ایکٹ ھذا کو خیبر پختونخوایو
ینورسٹیز(ترمیمی) ایکٹ مصدرہ۲۰۱۲ کے نام سے موسوم کیا جائے_
(۱) یہ فی الفورنافذالعمل ہو گا_

2 _ **خیبر پختو نخوا ایکٹ نمبر ۱۰ مصدرہ ۲۰۱۲ کی دفعہ ۳ میں تر میم** خیبر
پختونخوا یونیورسٹیز
ایکٹ نمبر۲۰۱۲ (خیبر پختونخوا ایکٹ نمبر۱۰ مصدرہ ۲۰۱۲)جو کہ بعد ازیں
مذکورہ ایکٹ کہلائے گاکی دفعہ ۳کی ذیلی دفعہ(۲) کے آخر میں فل سٹاپ کی جگہ
کولون اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ جملہ شامل کیا جائے،یعنی
اس فراہمی کیساتھ کہ اگر حکومت فہرست میں موجود کسی بھی یونیورسٹی
کےکیمپس یا ذیلی کیمپس کی جگہ یونیورسٹی کا بندوبست کرنا چاہےتو ایسے کمپیس
یا ذیلی کمپیس کے تما م اثاثہ جات،واجبات،ملازمین اور طلباءایسے یونیورسٹی کو
ٹرانسفر کئے جائیں گے_

۳ . **خیبرپختونخواکےایکٹ نمبر ۱۰ مصدرہ۲۰۲۱ کے جدول میں ترمیم**
مذکورہ ایکٹ کے جدول میں ،_
(۱) برخلاف سیریل نمبر۲ الفاظ"خیبر پختونخوا" کو حذف کیا جائے_
برخلاف سیریل نمبر۳ ،موجودہ اندراج کے لئے،مندرجہ ذیل متبادل متصور ہو گا"یعنی
،،زرعی یونیورسٹی،پشاور،،اور
(۳) سیریل نمبر۱۲ کے بعدمندرجہ ذیل نیا اندراج شامل کیاجائے،"یعنی
،،۱۳ خوشحال خان خٹک یونیورسٹی،کرک"،

بیان اغراض اور ووجوہ

کرک میں خوشحال خان خٹک یونیورسٹی قائم کی جائےاور تمام اثاثہ جات،واجبات
ملازمین اور طلباء کیمس یا ذیلی کیمس کی نئی قائم شدہ یونیورسٹی کو تبدیل کئے جائیں
اور خیبر پختونخوا انجنئرینگ اینڈ ٹیکنا لوجی یونیورسٹی پشاور اور خیبرپختونخوا
زرعی یونیورسٹی کے ناموں میں ترمیم کی جائے_
لہذا مسودہ قانون پیش کیا جاتاہے_